# 04-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چار ریاستوں کے ساتھ ساتھ پڈوچیری اسمبلی انتخابات کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ مغربی بنگال اورآسام میں بی جے پی، پڈوچیری میں این ڈی اے، تمل ناڈو میں ٹی وی کے پارٹی اور کیرالا میں کانگریس اتحاد حکومت بنانے کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

۲۔ حیدرآباد کے سکریٹریٹ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس منعقد ۔مختلف امور پر کیا گیا تبادلہ خیال۔

۳۔ ریاست بھر میں منعقد کئے جانے والے کسان ہفتہ تقریبات کا آغاز وقارآباد ضلع میں وزیر تو ملا ناگیشور راؤ نے کیا۔

اور

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راو نے کہا کہ پانچ ریاستوں کے انتخابی نتائج انڈیا اتحاد کے لئے ایک بڑا جھٹکا ہیں۔

Bandi Sanjay

بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ ریونت ریڈی اور ایم کے اسٹالن کی جانب سے شمالی وجنوبی بھارت کے نام پر تقسیم کی سیاست کرنے کی کوششوں کو حالیہ انتخابی نتائج نے جھٹکا دیا ہے۔انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ آنے والے دنوں میں وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں تمام ریاستوں میں ڈبل انجن حکومتیں قائم ہوں گی۔ بنڈی سنجے نے کریم نگر میں پی ایم جے جیولری دکان میں فائرنگ کے واقعہ میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کی اور کہا کہ متاثرہ خاندانوں کو حوصلہ دینے کے بجائے اس واقعہ کو سیاسی رنگ دیا جارہا ہے جو افسوسناک ہے۔

Eleti Maheshwar Reddy

سی ایل پی لیڈر ایلیٹی مہیشور ریڈی نے کہا کہ شیاما پرساد مکھرجی کے خوابوں کو پورا کرتے ہوئے مغربی بنگال میں بی جے پی کی کامیابی خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2011 میں صفر سے آغاز کرنے والی پارٹی آج مغربی بنگال میں مضبوط پوزیشن میں ہے جو عوام کے وزیر اعظم نریندر مودی پر اعتماد کا ثبوت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے وقت میں مغربی بنگال ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور 10 مئی کو وزیر اعظم کے دورہ سے تلنگانہ میں بھی نمایاں تبدیلیاں آئیں گی۔

Bhoomi Puja: Ramchander Rao

سکندرآباد میدان میں 10 مئی کو ہونے والی وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی ریلی کے لئے آج بھومی پوجا کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ریاستی صدر رام چندر راو، او بی سی مورچہ کے قومی صدر کے لکشمن اور ای ار اجندر اور کونڈا وشویشور ریڈی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔

Sound Byte - Ramchander Rao

ایٹلا راجندر نے کہا کہ پانچ ریاستوں کے انتخابی نتائج میں بی جے پی نے آسام اور بنگال میں بہتر کارکردگی دکھائی ہے جبکہ کیرالا اور تاملناڈو میں بھی اچھی نشستیں حاصل کی ہیں۔

Sound Byte - Eatala Rajendar

KTR Visits Party Leader

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راو نے سنگاریڈی جیل میں پارٹی قائد منّے کرشانک کی عیادت کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت انتقامی سیاست کرتے ہوئے نوجوان قائدین کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کر رہی ہے اور سوشل میڈیا پوسٹس پر بھی کیس بنا رہی ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ حکومت سے بدعنوانی سے متعلق پوچھنے پر ہی کیسس درج کئے جا رہے ہیں۔ اس کے

علاوہ جس مقدمہ میں ضمانت ملنا تھا اسے بھی روکا جارہا ہے اور 12 دنوں تک جیل میں رکھا جارہا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ریاست میں بڑھتے جرائم کو روکنے میں پولیس ناکام ہوگئی ہےاور وزیراعلیٰ کی پرائیوٹ آرمی کے طور پر کام کررہی ہے۔

Weather Update

ریاست میں آج مختلف مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے جس پر محکمہ موسمیات نے آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔ جۓ شنکر بھوپال پلی، ملگو، محبوب آباد اور ناگر کرنول اضلاع میں گرج چمک، تیز ہواؤں اور ژالہ باری کی پیش قیاسی کی ہے جبکہ عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد اور منچریال اضلاع میں تیز گرم ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ آئندہ پانچ دنوں تک اسی طرح کا موسم برقرار رہنے کی توقع ہےاور ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Rajanna Sircilla

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزرا تو ملا ناگیشور راؤ، سریدھر بابو، پونم پربھاکر، اے لکشمن اور سرکاری وہپ آدی سرینواس کل راجنا سرسلہ ضلع کا دورہ کرنے والے ہیں۔ اپنے دورہ کے دوران گمبھی راؤ پیٹ میں بائیو اسٹرام ٹکنالوجی کمپرسٹ بائیو گیس پلانٹ کا بھومی پوجا کریں گے۔ اس کے بعد ریاستی وزرا مقامی کسانوں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل سنیں گے۔ ضلع ایس پی مہیش نے بتایا کہ وزرا کے دورہ کے پیش نظر سیکورٹی کے کڑے انتظامات کئے گئے ہیں۔

Dumping Yard

جواہر نگر ڈمپ یارڈ جے اے سی کے قائدین نے آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ سے ملاقات کرنے والوں میں رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر، ایم ایل اے سی ملا ریڈی، میڑچل ڈی سی سی صدر ٹی وجریش یادو، سابق رکن اسمبلی سدھیر ریڈی، سنگی ریڈی ہرش وردھن ریڈی

اور جے اے سی کنو ینر شنکر نائک و دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ڈمپ یارڈ جے اے سی قائدین نے جواہر نگر ڈمپ یارڈ کو دوسرے علاقہ میں منتقل کرنے کا مطالبہ کیا۔

Bengal Result

مغربی بنگال میں بی جے پی کی شاندار جیت پر خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ملکا جگری رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے بی جے پی کی شاندار جیت پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جیت صرف پارٹی کی نہیں بلکہ بنگال کے عوام کی جیت ہے۔ ایٹلا راجندر نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بنگال میں ترقی ہوگی اور بنگالیوں کے مطالبات کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے انتخابات میں بی جے پی کو کامیاب کرنے پر عوام کا شکریہ ادا کیا۔

N. Ramchander Rao

پانچ ریاستوں کے انتخابی نتائج نے سب کو حیران کردیا ہے۔ ان ریاستوں کی عوام نے انڈیا اتحاد کو سبق سکھایا ہے۔ حیدرآباد میں واقع پارٹی دفتر میں رام چندرراؤ نے میڈیا سے خطاب کے دوران یہ بات کہی۔ اس دوران اقلیتوں اور مختلف طبقات کے لوگوں نے رام چندرراؤ کی قیادت میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال میں بی جے پی نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے اور آسام میں بدعنوانی سے پاک حکومت نے تیسری مرتبہ اقتدار حاصل کیا ہے۔ رام چندرراؤ نے کہا کہ بہت جلد ملک کی عوام دیگر ریاستوں میں بھی انڈیا اتحاد کو سبق سکھائے گی۔

Mega Job Mela

ضلع کھمم کلکٹر دیواکر ٹی ایس نے کہا کہ پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے ذریعہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا جارہا ہے۔ آج کھمم میں بے روزگار نوجوانوں کیلئے منعقدہ جاب میلہ میں ضلع کلکٹر نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ اِس طرح کے جاب میلوں کے ذریعہ کئی بے روزگار

نوجوان نجی کمپنیوں میں ملازمت حاصل کرر ہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوان سرکاری ملازمت کے مقابلہ میں نجی ملازمت پرتوجہ دے رہے ہیں۔واضح رہے کہ کھمم میں منعقدہ جاب میلہ میں 80 سے زائد کمپنیوں نے حصہ لیا اور 3 ہزار 200 بے روزگار نوجوانوں کو ملازمت فراہم کی گئی۔

Cabinet

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں سکریٹریٹ میں ریاستی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔اس اجلاس میں کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔کئی فیصلے لئے گئے۔ہٹی بیرتج کے علاوہ ایلم پلی و دیگر آبی ذرائع سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔کابینہ اجلاس کے دوران ملازمین ، وظیفہ یاب کے بقیہ بلز کی ادائیگی اندرون 100 دن کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔اس کے علاوہ آرٹی سی کو حکومت میں ضم کرنے اور نئے آسرا پنشن کی منظوری پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

Vikarabad Farmers

ضلع وقارآباد کے تانڈور میں پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا پروگرام منعقد ہوا جس میں ریاستی وزیر تو ملا ناگیشور راؤ نے شرکت کی۔اس دوران ریاستی وزیر نے رعیّتو فیسٹول کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام میں کسانوں کی جانب سے پیدا کردہ فصل ،مختلف اقسام کے پھل کے اسٹالس لگائے گئے۔اس دوران ریاستی وزیر نے ٹی جی آرگرانک ایپ کا افتتاح کیا۔

Sound Byte.

Review

مرکزی حکومت کی اسکیموں کے نفاذ پر مرکزی وزارتِ سماجی انصاف و اختیارات کے سکریٹری سدھانش پنت نے ریاستی حکومت کے خصوصی چیف سکریٹری سبیا ساچی گھوش کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں غریب اور پسماندہ طبقات کی ترقی کے لئے جاری فلاحی

پروگراموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر سدھانشں پنت نے کہا کہ مرکزی اسکیموں کے نفاذ میں ریاستی حکومت کی کوششیں قابلِ تعریف ہیں اگرچہ نمایاں پیش رفت ہوئی ہے لیکن مزید محنت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سماج کے کمزور اور پسماندہ طبقات کی سماجی و معاشی ترقی کے لئے مسلسل کوششیں ضروری ہیں۔

Elections

ملک بھر میں سنسنی پھیلانے والے پانچ ریاستوں کے اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی آخری مرحلہ میں داخل ہو چکی ہے۔ مغربی بنگال میں بی جے پی بڑی کامیابی کی جانب بڑھ رہی ہے جبکہ تمل ناڈو میں اداکار وجے کی پارٹی زبردست کارکردگی دکھا رہی ہے۔ 293 نشستوں والے مغربی بنگال میں بی جے پی 191 سے زائد نشستوں پر آگے ہے جبکہ ترنمول کانگریس تقریباً 85 نشستوں تک محدود ہو گئی ہے۔ تمل ناڈو میں سیاسی منظر نامہ بدل چکا ہے، جہاں وجے کی قیادت میں ٹی وی کے 100 سے زائد نشستوں پر برتری کے ساتھ سب سے بڑی جماعت بننے جا رہی ہے۔ حکمران ڈی ایم کے تقریباً 50 نشستوں تک محدود ہے جبکہ اے آئی اے ڈی ایم کے 44 نشستوں پر قسمت آزما رہی ہے۔ کیرالا میں کانگریس کی قیادت والی یو ڈی ایف واضح اکثریت کے ساتھ حکومت بنانے جا رہی ہے۔ آسام میں بی جے پی اتحاد مسلسل تیسری بار اقتدار برقرار رکھنے میں کامیاب ہو رہا ہے۔ اسی طرح پڈوچیری میں این رنگا سوامی کی قیادت میں این ڈی اے اتحاد حکومت بنانے کے قریب ہے۔ ادھر سات اسمبلی نشستوں کے ضمنی انتخابات میں بی جے پی نے گجرات، تریپورہ اور ناگالینڈ میں کامیابی حاصل کی، جبکہ کرناٹک میں کانگریس نے ایک نشست جیت لی۔